اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# اوورسیز ڈونیشن کلیکشن کے لیے نوعیت کے مطابق طریقہ کار

اوورسیز میں ڈونیشن بڑھانے کے لیے اپنے ملک کی نوعیت، ضرورت اور شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں نگران کی اجازت سے درج ذیل طریقوں میں سے کوئی طریقہ اختیار کیا جاسکتا ہے۔

﴿1﴾ **افطاری اجتماع:** ڈونیشن کے سیزن میں فیملی اجتماع کی جگہ افطاری اجتماع رکھا جائے جس میں فیملی اجتماع والا جدول افطار سے قبل چلایا جائے اور پھر جس طرح سنتوں بھرے اجتماعات میں ڈونیشن کی ترغیب دلائی جاتی ہے اس طرح ترغیب دلا کر ڈونیشن اور ڈونیشن کی نیتیں جمع کی جائیں۔ آخر میں افطار کا بھی اہتمام ہو۔

﴿2﴾ **فنڈ ریسنگ اجتماع:** فنڈ ریسنگ کے لیے مختلف اشیاء جیسے فوڈز، مکتبۃ المدینہ کتب و سامان، کپڑوں، اسٹیشنری وغیرہ کے اسٹالز لگائے جائیں۔ ان اسٹالز پر اشیاء خود بنا کر یا donate چیزیں ملنے پر لگائی جائیں۔ لوگ (عوام کو دعوت ہو) ان اسٹالز سے خریداری کریں اور جو انکم ہو وہ دعوت اسلامی کے ڈونیشن میں جمع کروائی جائے۔

☆ شرکاء میں تقسیم رسائل کا سلسلہ ہو۔

☆ **افطاری باکس:** رمضان وعید کے ایام میں کھانے پینے کے باکسز بنا کر sale کیے جاتے ہیں، کھانے کی یہ اشیاء اسلامی بہنیں بنا کر لاتی ہیں۔ آن لائن اس کی booking کی جاتی ہے۔ پھر آرڈر بک کرنے والے آکر اپنا باکس خرید کرلے جائیں۔ ان باکسز میں ڈیمانڈ کے مطابق جیسے کباب، سموسے، بریانی وغیرہ ہوتی ہیں۔ sale کے بعد آنے والی رقم دعوت اسلامی کے ڈونیشن میں جمع کروائی جاتی ہے۔